افسوس ہے کہ جگہ کی قلت کی وجہ سے ہم نہ اس کتاب کے اچھے اچھے مندرجات کو پیش کر سکتے ہیں، نہ اخلاقی نکات پر بحث کر سکتے ہیں۔

---

**ترکی کا مردِ مجاہد** | تصنیف ڈاکٹر سعید رمضان البوطی۔ ترجمہ از مولینا خلیل حامدی۔ ناشر: ادارہ معارف اسلامی، منصورہ۔ لاہور۔ تقسیم کنندہ: المنارہ بک سنٹر، منصورہ ملتان روڈ، لاہور۔ کوڈ ۵۴۵۷۰۰۔

مشرق و مغرب کے درمیان ایک پُل کی طرح قائم ترکی بڑی اہمیت کی مُسلم سلطنت ہے۔ جہاں اسلام اور مغربیت اور سیکولرازم اور آمریت کی شدید کشمکش کی لمبی تاریخ ہے۔ یہاں جن ہستیوں نے انور پاشا کے بعد لادینی آمریت کے پتھروں کو توڑ توڑ کر دعوتِ اسلام کے لیے راستہ بنایا، ان میں بڑا ممتاز مقام بدیع الزمان سعید نورسی کا ہے۔ ترکی قوم اور نوجوانوں میں بیداری پیدا کرنے کے لیے اس مجاہد نے مخالفتوں اور قید و بند کے باوجود بڑی عرق ریزی سے کام کیا ہے۔ اس کی روداد لکھنے والا بھی صاف دل ہے اور ترجمہ کرنے والے صاحب بھی متاعِ سوز و ساز رکھتے ہیں۔

---

**گلشنِ اقبال** | مصنّف: پروفیسر اسرار احمد خاں سہاوری۔ ایم اے۔ ناشر: محمد انور خلیلی۔ ملنے کا پتہ: دارالاشاعت ادارۂ تنظیم مساجد ۱۱۵۔ سی سٹیلائٹ ٹاؤن، گوجرانوالہ قیمت: ۱۵/۰ روپے۔

میرے محترم دوست، بھائی، ادیب، شاعر، معلّم، دانش ور ساری عُمر تعمیری و فلاحی ادب کی خدمت کرتے رہے اور اب بھی وہ خون اور پسینے کی آخری بوندیں اسی سفرِ عشق میں کھپا رہے ہیں۔ میرے دل میں ان کی بڑی قدر ہے۔ مگر جب کتابوں کا ڈھیر اس وقت بھی یک صد کتابیں برائے ریویو ہوں گی، دیکھتا ہوں تو ہر مرتبہ جن اپنوں کی

© rasailojaraid.com

خدمت کو مؤخر کرنا چاہتا ہوں، بلا تکلف کر دیتا ہوں ۔ اور ایک بار نہیں، تین تین بار ۶، ۶ مہینے ۔ میری اس کوتاہی کے ایک خاص مجروح پروفیسر صاحب ہیں ۔ اور آپ نوان کی کتاب ہاتھ میں لی تو دیکھتا ہوں کہ جگہ اتنی کم ہے کہ پہلے ہی سے شرمندہ ہوں ۔ میں صرف چند لفظوں میں بات کروں گا کہ ۶۳۱ صفحے کی کتاب میں پروفیسر صاحب نے فہم اقبال، تفہیم اقبال اور محبتِ اقبال کا حق ادا کر دیا ہے ۔ جس شخص نے ساری عمر اقبال کی فکر، شاعری اور اس کے ذوقِ جمال کی غواصی کی ہو، اب وہ کسی زیادہ بحث و تجربہ کا محتاج نہیں ۔ عشق کے معاملے "بحرفے می تواں گفتن" والے ہوتے ہیں ۔

خیال فرمایئے، یہ جنوری ۱۹۸۹ء کی مطبوعہ کتاب ہے ۔ ہماری بے تکلفی بھی حد سے گزر گئی ۔

---

**اشاعتِ خاص ماہنامہ رفیق منزل ۔ ہندوستانی سماج اور دعوت اسلامی**

مدیر اعزازی منور حسین فلاحی ۔ دفتری امور: بنجر رفیق منزل، ۲۳۰ - ابوالفضل احاطہ اوکھلا ۔ نئی دلی ۔ ۱۱۰۰۲۵ (انڈیا) ۔ اس خاص نمبر کی قیمت: ۱۰/ روپے ۔ سالانہ چندہ ۲۵/ روپے ۔

درسی کتابی سائز کے اس رسالے کا پیشِ نظر خاص نمبر بڑے اہم مضامین پر مشتمل ہے ۔ ان پر تفصیلی گفتگو تو نہیں کی جا سکتی، البتہ عنوانات سے آپ اندازہ کر لیں ۔ ۱ - جدید ہندو مذہبی تحریکات ۲ - احیا پسند ہندو طلبہ تنظیمیں ۳ - کمیونسٹ طلبہ تنظیمیں ۔ ۴ - ہندوستان میں تہذیبی جارحیت ۵ - مسیحیت ۶ - بھارتی سیکولرازم ۷ - ہندوستان کے دینی مدارس ۸ - اسلام کا روحانی نظام ۹ - مسلم جماعتوں کا سیاسی طریق کار ۔ ۱۰ - اسلام میں رخصت و عزیمت کے تصورات ۱۱ - اسلامی تہذیب و تمدن کا تحفظ ۔ ۱۲ - تربیت اور اس کے ذرائع ۔ ۱۳ - تحریک اسلامی ہند ۔

کاش کہ کوئی صاحب تفصیل سے پڑھ کر، غیر ضروری یا اسلام کے متعلق انتشار انگیز اختلافی عنصر کہیں پائیں تو بعض حصص کو چھوڑ کر منتخب مضامین پر مشتمل ایک کتاب مرتب کر کے پاکستان سے شائع کر دیں ۔

© rasailojaraid.com